| Narration | Time |
|---|---|
| 'Inkscape' کا استعمال کرتے ہوئے شکلیں بنانا اور ان کو ایڈِٹ یعنی ترمیم کرنے پر اسپوکن ٹیوٹوریل میں خوش آمدید. | 00:00 |
| اس ٹیوٹوریل کے لئے ہمیں 'Inkscape' کے ساتھ واقفیت ہونی چاہئے. | 00:06 |
| ہم Inkscape انٹرفیس کے بارے میں اور basic shapes یعنی بنیادی شکلیں کس طرح بنائیں، اس کے بارے میں سیکھیں گے. | 00:10 |
| کلر فِل کرنا اور handles کا استعمال کرتے ہوئے شکل میں ترمیم کرنا بھی سیکھیں گے. | 00:16 |
| اس ٹیوٹوریل کے لئے میں استعمال کر رہا ہوں، Ubuntu Linux 12.04 OS | 00:20 |
| 'Inkscape' ورژن 0.48.4 | 00:25 |
| 'Dash home' پر جائیں اور 'Inkscape' ٹائپ کریں. | 00:29 |
| آپ logo پر ڈبل کلک کر کے 'Inkscape' کھول سکتے ہیں. | 00:34 |
| انٹرفیس پر سب سے اوپر، آپ 'Menu bar' اور 'Tool controls bar' پائیں گے. | 00:38 |
| اس کے بعد سب سے اوپری کنارے پر rulers ہوتے ہیں. | 00:44 |
| انٹرفیس کے دائیں طرف پر، آپ 'Command bar' اور 'Snap controls bar' پائیں گے. | 00:48 |
| 'Tool box' انٹرفیس کے دائیں طرف ہے. | 00:54 |
| درمیان میں 'canvas' ہے . جہاں آپ اپنے graphics بنائیں گے. | 00:58 |
| انٹرفیس کے نچلے حصے میں، ہم 'color palette' اور 'status bar' دیکھ سکتے ہیں. | 01:03 |
| اب، 'Inkscape' میں کچھ بنیادی شکلیں بنانا اور ایڈٹ کرنا سیکھتے ہیں. | 01:09 |
| سب سے پہلے، ہم 'Select and Transform' ٹول کے بارے میں سیکھیں گے . اس کو عام طور سے 'Selector' ٹول کہا جاتا ہے. | 01:14 |
| یہ بہت اہم ٹول ہے . آپ اسے 'Tool box' کے بائیں جانب پائیں گے. | 01:22 |
| اس ٹول کے ساتھ، آپ آبجیکٹس منتخب کر سکتے ہیں، 'canvas' پر ان کو ٹرانسفارم اور موو کر سکتے ہیں. | 01:28 |
| نیا 'Inkscape' ڈاکومنٹ کھولنے کے لئے، 'File' پر کلک کریں اور پھر 'New' کو منتخب کریں اور 'Default' پر کلک کریں. | 01:34 |

| | |
|---|---|
| موجودہ 'Inkscape' ڈاکومنٹ کو کھولنے کے لئے، 'File' پر کلک کریں اور 'Open' کو منتخب کریں. | 01:41 |
| 'drawing_1.svg' فائل کھولیں، جسے ہم نے پہلے بنایا تھا. | 01:47 |
| میں نے اسے 'My Documents' فولڈر میں سیو کیا ہے . دائیں نچلے حصے میں 'Open' بٹن پر کلک کریں. | 01:53 |
| ہم نے پہلے ایک ریکٹینگل یعنی مستطیل بنایا تھا. | 02:01 |
| اب، ریکٹینگل پر کلک کریں. | 02:04 |
| ڈفالٹ طور پر ریکٹینگل کا رنگ سبز ہے. | 02:06 |
| رنگ کو سرخ رنگ میں تبدیل کرنے کے لئے، ہم نچلے حصے میں 'color palette' کا استعمال کریں گے. | 02:09 |
| لہذا، میں کرسر نچلے حصے میں لے جاؤں گا اور سرخ رنگ پر کلک کروں گا. | 02:14 |
| ریکٹینگل میں رنگ کی تبدیلی دیکھیں. | 02:18 |
| اب ریکٹینگل کو موو کریں. | 02:22 |
| ایسا کرنے کے لئے، آپ کو ریکٹینگل پر کہیں بھی کلک کرنا چاہئے. | 02:23 |
| ماؤس کے بٹن کو چھوڑے بغیر، 'canvas' پر جہاں کہیں بھی آپ چاہیں اسے ڈریگ کریں. | 02:27 |
| پھر ماؤس بٹن چھوڑ دیں | 02:33 |
| اچھی طرح دیکھنے کے لئے زوم ان کریں . ایسا کرنے کے لئے ctrl کی (key) دبائیں اور ماؤس پر scroll button کا استعمال کریں. | 02:37 |
| ریکٹینگل کے آس پاس ایروز پر توجہ دیں . انہیں handles کہتے ہیں، جس کا استعمال ہم پیمائش اور گھمانے کے لئے کریں گے. | 02:46 |
| جب کرسر کسی بھی handle پر جاتا ہے تو، handle کا رنگ بدل جاتا ہے. | 02:57 |
| یہ اشارہ دیتا ہے کہ وہ handle منتخب ہے اور شکل میں ترمیم کرنے کے لئے تیار ہے. | 03:02 |
| ریکٹینگل کی پیمائش یا شکل تبدیل کرنے کے لئے، کسی بھی کونے کے handle پر کلک کریں اور ڈریگ کریں. | 03:08 |
| اگر آپ شکل کا aspect ratio برقرار رکھنا چاہتے ہیں، تو شکل کا سائز بدلتے وقت ctrl کی (key) دبائے رکھیں. | 03:17 |
| ریکٹینگل کی لمبائی اور چوڑائی تبدیل کرنے کے لئے، اس کے کسی ایک کونے پر ہینڈل کا استعمال کریں. | 03:24 |
| handle پر کلک کرکے یا تو دائیں یا بائیں جانب ڈریگ کریں. | 03:32 |

| | |
|---|---|
| 03:39 | ریکٹینگل کی چوڑائی میں تبدیلی دیکھیں. |
| 03:43 | اب ریکٹینگل کی اونچائی تبدیل کریں. |
| 03:46 | لہذا ایا تو ہم ہینڈل کے نچلے حصے یا اوپر کلک اور ڈریگ کریں گے. |
| 03:51 | ریکٹینگل کی اونچائی میں تبدیلی دیکھیں. |
| 03:54 | ہم خود 'Tool controls' بار پر 'width' اور 'height' پیرامیٹر کو تبدیل کر کے ریکٹینگل کی چوڑائی اور اونچائی تبدیل کر سکتے ہیں. |
| 04:03 | میں 'width' 400 اور 'height' 200 سے بدلوں گا. |
| 04:07 | ریکٹینگل کی شکل میں تبدیلی دیکھیں. |
| 04:10 | اسی طرح سے، آپ X اور axisY یعنی محور پوزیشنس یعنی مقامات بدل کر آبجیکٹ کو موو کر سکتے ہیں. |
| 04:19 | اب سیکھتے ہیں کہ ریکٹینگل کو کس طرح گھمائیں. |
| 04:24 | ایسا کرنے کے لئے، پھر ریکٹینگل پر کلک کریں. |
| 04:27 | نوٹ کریں کہ اب، کونوں کے handles کی صورت تبدیل ہوگئی ہے، یہ ظاہر کرتا ہے کہ یہ روٹیشن یعنی گردش کے لئے تیار ہے. |
| 04:34 | میں handle کے اوپری دائیں طرف کلک کروں گا اور ریکٹینگل کو گھماوں گا. |
| 04:44 | آپ کسی بھی سائڈ کے handle پر کلک اور ڈریگ کر کے ریکٹینگل کو skew یعنی ترچھا کر سکتے ہیں. |
| 04:50 | میں بائیں طرف کے بیچ والے ہینڈل پر کلک کر رہا ہوں اور ریکٹینگل کو ترچھا کرنے کے لئے اسے اوپر اور نیچے ڈریگ کر رہا ہوں. |
| 04:56 | میری طرف سے کی گئی تبدیلیوں پر توجہ دیں. |
| 04:59 | ہم دیگر ٹیوٹوریلس میں ان handles کے استعمال کے بارے میں مزید تفصیل سے سیکھیں گے. |
| 05:04 | اب اس شکل کو غیر منتخب کریں. |
| 05:06 | ایسا کرنے کے لئے، کینوس ایریا پر یا کینوس کی حد کے باہر کہیں بھی کلک کریں. |
| 05:11 | ماؤس کو واپس 'Tool box' پر منتقل کریں اور اسی rectangle ٹول پر گھمائیں. |
| 05:17 | ٹول ٹِپ عکاسی کرتا ہے کہ، ہم اس ٹول کا استعمال کرتے ہوئے مستطیل اور مربع بنا سکتے ہیں. |
| 05:22 | لہذا پہلے میں اس ٹول پر کلک کروں گا. |

| | |
|---|---|
| 05:25 | ایک سکوئر یعنی مربع بنانے کے لئے، ctrl کی (key) پکڑ کر رکھیں اور 'canvas' پر ڈریگ کریں. |
| 05:30 | میں اس کا رنگ گلابی میں بدلتا ہوں. |
| 05:32 | آپ کے لئے ایک مشق ہے. |
| 05:34 | 'Tool box' سے 'Create circles and ellipses' ٹول منتخب کریں. |
| 05:38 | ctrl کی (key)) کا استعمال کریں، canvas پر ایک سرکل یعنی دائرہ بنائیں. |
| 05:42 | اس کو نیلا رنگ دیں. |
| 05:44 | یہ میرا سرکل ہے. |
| 05:46 | اب سیکھتے ہیں کہ اس سرکل میں تبدیلی کس طرح کریں. |
| 05:49 | آپ دائرے کی شکل کو ایک arc یا segment میں تبدیل کرنے کے لئے Start اور End پیرامیٹر کو تبدیل کر سکتے ہیں. |
| 05:56 | یہاں 'Tool controls bar' میں 3 آپشنس ہیں جو ایک شکل سے دوسری میں جانے میں مدد کرتے ہیں. |
| 06:03 | میں 'Start' پیرامیٹر کو 100 اور 'End' پیرامیٹر کو 50- سے بدلتا ہوں. |
| 06:09 | ہم دیکھتے ہیں کہ دائرے کی شکل اب segment کی شکل میں بدل گئی ہے. |
| 06:14 | اب میں 'arc' آئکن پر کلک کروں گا اور ہم شکل میں تبدیلی کو دیکھیں گے. |
| 06:19 | ہم 'circle' آئکن پر کلک کر کے، دائرے کی شکل کو واپس تبدیل کر سکتے ہیں. |
| 06:25 | چلیئے اب ہم 'canvas' پر دائرے کی شکل کو غور سے دیکھتے ہیں. |
| 06:30 | شکل میں 2 resize handles اور 2 circular handles پر توجہ دیں، جنہیں arc handles کہتے ہیں. |
| 06:37 | 2 resize handles کا استعمال دائرے کی شکل کو بیضوی شکل میں تبدیل کرنے کے لئے کیا جاتا ہے. |
| 06:44 | ان handles کو اوپر نیچے یا دائیں- بائیں سمت میں ڈریگ کریں. |
| 06:53 | شکل میں تبدیلی دیکھیں. |
| 06:56 | 2 resize handles ایک دوسرے کو اوورلیپ کرتے ہیں . آرک ہینڈل پر کلک کریں اور اسے anti-clockwise سمت میں گھمائیں. |
| 07:04 | اب ہم دونوں arc handles دیکھ سکتے ہیں. |

| | |
|---|---|
| 07:08 | ہم ان arc handles کا استعمال کرتے ہوئے دائرے کی شکل کو arc یا segment کی شکل میں تبدیل کر سکتے ہیں، |
| 07:14 | ان کو clockwise یا anti-clockwise سمتوں میں گھمائیں اور شکل میں تبدیلی دیکھیں. |
| 07:24 | اب ہم 'Tool box' میں ریکٹینگل ٹول پر کلک کریں گے اور پھر type پر کلک کریں گے. |
| 07:30 | شکل کے اوپری دائیں کونے پر 2 resize handles اور 2 arc handles دیکھیں. |
| 07:40 | پہلے کی طرح 2 arc handles ایک دوسرے پر اوورلیپ کرتے ہیں. |
| 07:43 | کسی ایک arc handle پر کلک کریں اور اسے clockwise سمت میں گھمائیں. |
| 07:48 | اب ہم دونوں arc handles دیکھ سکتے ہیں. |
| 07:51 | ہم ان handles کا استعمال کرتے ہوئے سکوئر کے کناروں کو گول کر سکتے ہیں. |
| 07:56 | ان کو clockwise یا anti-clockwise سمتوں میں موو کریں اور شکل میں تبدیلی دیکھیں. |
| 08:02 | اب 'Tool box' میں Stars and polygons ٹول پر کلک کر کے ایک پالی گن یعنی کثیرالاضلاع بنائیں. |
| 08:08 | یہ 'circle' ٹول کے نیچے دائیں طرف ہے .اس پر کلک کریں. |
| 08:13 | ہم اسی طرح سے polygon ڈرا کریں گے اور اس کو سبز رنگ دیں گے. |
| 08:20 | ڈفالٹ طور پر، ایک 5 سائڈ والا کثیرالاضلاع یعنی پالی گان بن گیا ہے. |
| 08:24 | 'Tool controls' بار ملاحظہ کریں .یہاں، اشارہ ہے کہ پالی گان کے سائڈس کی تعداد 5 ہے. |
| 08:32 | آپ تعداد 4 کر کے مربع اور اسے 3 کر کے تکون بنا سکتے ہیں. |
| 08:39 | اسے بڑھانے پر، ہم pentagon, hexagon وغیرہ بنا سکتے ہیں. |
| 08:44 | پالی گان پر رِسائز ہینڈل دیکھیں. |
| 08:47 | ہم اس کا استعمال پالی گان کی شکل تبدیل کرنے یا گھمانے کے لئے کر سکتے ہیں. |
| 08:52 | 'Tool controls' بار میں، polygon آئکن کے آگے star آئکن پر کلک کر کے اسے ستارے کی شکل میں بدلیں. |
| 09:00 | سٹار کی شکل پر ایک ٹپ یعنی نوک اور ایک جوڑ پر 2 handles دیکھیں. |
| 09:06 | ستارے کی شکل تبدیل کرنے یا گھمانے کے لئے نوک کے ہینڈل پر کلک کریں اور ڈریگ کریں. |
| 09:12 | ہم دیگر handle کا استعمال کرتے ہوئے اسٹار کی شکل کو skew اور resize کر سکتے ہیں. |

| | |
|---|---|
| 09:17 | اس پر کلک کریں، اور clockwise یا anti-clockwise سمتوں میں گھمائیں اور سائز اور صورت پر توجہ دیں. |
| 09:25 | ہم اس ٹیوٹوریل کے آخر میں آ گئے ہیں . مختصر میں، |
| 09:30 | اس ٹیوٹوریل میں ہم نے 'Inkscape' انٹرفیس کے بارے میں سیکھا. |
| 09:34 | ہم نے بنیادی شکل کے طور پر مستطیل، مربع، دائرہ، بیضوی، کثیر الاضلاع اور ستارہ بنانا بھی سیکھا. |
| 09:42 | handles کا استعمال کرتے ہوئے سائز میں تبدیلی کرنا اور رنگ بھرنا بھی سیکھا. |
| 09:46 | یہاں آپ کے لئے ایک مشق ہے. |
| 09:49 | نیلے رنگ کے ساتھ ایک مستطیل کی شکل بنائیں، |
| 09:52 | سرخ رنگ کے ساتھ دائرے کی شکل بنائیں، |
| 09:54 | سبز رنگ میں 7 سائڈس والا ستارہ بنائیں. |
| 09:58 | آپ کی مکمل تفویض اس طرح نظر آنی چاہیئے. |
| 10:03 | مندرجہ ذیل لنکس پر دستیاب ویڈیو دیکھیں .اس اسپوکن ٹیوٹوریل کا خلاصہ بیان کرتا ہے. |
| 10:09 | اچھی بینڈ وڈتھ نہ ملنے پر آپ اسے ڈاؤن لوڈ کر کے دیکھ سکتے ہیں. |
| 10:13 | اسپوکن ٹیوٹوریل پروجیکٹ ٹیم، اسپوکن ٹیوٹوریل کا استعمال کرتے ہوئے ورکشاپ بھی چلاتی ہے . اور آن لائن ٹیسٹ پاس کرنے والوں کو سند بھی دیتے ہیں. |
| 10:22 | مزید معلومات کے لئے contact @ spoken HYPHEN tutorial DOT org پر لکھیں. |
| 10:28 | اسپوکن ٹیوٹوریل پروجیکٹ ٹاک ٹو اے ٹیچر پروجیکٹ کا حصہ ہے. |
| 10:32 | یہ بھارت حکومت کے ایم ایچ آر ڈی کے "آئی سی ٹی کے ذریعے قومی خواندگی مشن " کی طرف سے حمایت شدہ ہے. |
| 10:38 | اس مشن پر مزید معلومات درج ذیل لنک پر دستیاب ہے<br>http://spoken-tutorial.org/NMEICT-Intro |
| 10:47 | ہم اس ٹیوٹوریل کے آخر میں آ گئے ہیں. |
| 10:50 | اس اسکرپٹ کا ترجمہ اور صدا بندی میں نے یعنی وجاہت احمد نے کی ہے، شامل ہونے کیلئے آپکا شکریہ۔ |